بڑھ جائے گی۔(رفیع الدین ہاشمی)

رسولِؐ رحمت تلواروں کے سایے میں، حصہ سوم، حافظ محمد ادریس۔ ناشر: ادارہ معارف اسلامی، منصورہ، لاہور۔ صفحات: ۴۰۸۔ قیمت: ۳۲۵ روپے۔

'رسولِؐ رحمت' کا موضوع غزوات وسرایا ہیں۔اس سلسلۂ تحریر میں مؤلف کی یہ تیسری کاوش ہے۔حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی زندگی میں ۱۹غزوات اور ۲۱ سرایا میں حصہ لیا۔حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی زندگی میں ہمیشہ شہادت کی آرزو کی اور فرمایا کہ جہاد قیامت تک جاری رہے گا۔ یہ کتاب سیرتِ پاک کے اس اہم پہلو کو سامنے لاتی ہے،اور یہودیت کی تاریخ،ان کی احسان فراموشی، ایذارسانی،صحرانوردی، مدینہ کے مختلف قبائل، بنوقینقاع، بنونضیر، بنوقریظہ،خیبر اور بعض مشرک قبائل کے تذکرے اور تفصیلی تعارف پر مشتمل ہے۔ اخلاق و عادات، ان کے معاہدات اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم اور جماعت صحابہؓ کے ساتھ ان کے رویوں کا بیان مستند حوالوں سے بیان کیا گیا ہے۔ ساتھ ہی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی جنگی حکمت عملی،طریق کار اور صلح وامن کے بارے میں سیر حاصل روشنی ڈالی گئی ہے۔اس دوران جن احکامات ومسائل کا ذکر آیا ہے،ان کے بارے میں بھی رہنمائی دی گئی ہے۔کتاب کے کُل ۱۰/ابواب ہیں۔

پیش لفظ محترم سید منورحسن اور تقریظ محترم مولانا عبدالمالک نے لکھی ہے۔اس سے قبل یہ سلسلۂ مضامین قسط وار ہفت روزہ ایشیا میں جاری رہا ہے۔(عمران ظہور غازی)

نقوشِ صحابہؓ، خالد محمد خالد، ترجمہ: ارشاد الرحمٰن۔ ناشر: منشورات، منصورہ، ملتان روڈ، لاہور-۵۴۷۹۰۔ فون: ۰۴۲-۳۵۴۳۴۹۰۹۔صفحات: ۵۸۴۔ قیمت (مجلد): ۴۹۰ روپے۔

زیرنظر کتاب ۵۵/اصحابِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی حیاتِ درخشاں کی داستان ہے۔ یہ تذکرہ اصحابِ رسولؐ کی سوانح عمری کی طرز پر نہیں مرتب کیا گیا بلکہ مذکورہ صحابہ کرامؓ کے کارناموں اور زندگی کے روشن پہلوؤں کو موضوع بنایا گیا ہے۔ وہ لوگ جن کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے 'رضی اللہ عنہم و رضوعنہ' فرمادیا، اُنھی لوگوں کے کردار کی عملی مثالیں اس کتاب میں درج ہیں۔ تذکرہ قصہ گوئی کے انداز میں ہے اور پڑھتے ہوئے قاری جذب وشوق میں ڈوب جاتا ہے۔